اور نگہِ عبرت سے پڑھیں۔ ہماری رائے میں انجمن کو چاہئے کہ اسے زیادہ سے زیادہ تعداد میں شائع کرکے ان لوگوں تک قیمتاً یا مفت پہنچائے جو ان باتوں کے صحیح مخاطب ہیں

ریحانِ نستعلیق | تقطیع کلاں ضخامت ۲۸ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ بہتر قیمت درج نہیں پتہ ڈاکٹر محمد عبداللہ صاحب چغتائی دکن کالج اینڈ پوسٹ گریجویٹ ریسرچ انسٹیٹیوٹ پونہ

یہ ایک فارسی زبان کا رسالہ ہے جو سنہ ۹۷۹ھ میں لکھا گیا تھا ڈاکٹر چغتائی نے اس کو بوڈلین لائبریری آکسفورڈ سے ۱۹۳۲ء میں حاصل کیا تھا اور اب محنت شاقہ کرنے کے بعد اسے شائع کیا ہے۔ شروع میں خود موصوف کے قلم سے انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں ایک مختصر سا مقدمہ ہے جس میں انھوں نے اس رسالہ سے تعارف کرایا ہے۔ اس میں مختلف ابواب کے ماتحت متعدد خطوط مثلاً عربی۔ یونانی۔ فارسی۔ سریانی عبرانی۔ روسی۔ رومی۔ قبطی۔ بربری وغیرہ کی تاریخ آغاز ان کے انواع و اقسام۔ اصول اور بعض بعض مشاہیر اساتذۂ فن کے حالات اور ان کی فنی خصوصیات کا تذکرہ ہے۔ خالص علمی تحقیق کا کام کرنے والے حضرات کے لئے رسالہ قابلِ قدر اور ڈاکٹر صاحب کی محنت مستحق آفریں ہے مگر افسوس ہے متن کے واضح نہ ہونے کی وجہ سے کئی ایک کتابت کی غلطیوں کے علاوہ بعض جگہ عبارت بھی معمہ بن کر رہ گئی ہے۔

قرآن اور علاجِ خوف | از ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب استاذ فلسفہ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن۔ تقطیع کلاں ضخامت ۱۳ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ بہتر قیمت ۲ر پتہ۔ غالباً مصنف سے ملیگی۔

یہ ایک مقالہ ہے جو پہلے جامعہ عثمانیہ کی موتمر علوم اسلامیہ میں پڑھا گیا تھا بعد میں معارف اعظم گڈھ میں شائع ہوا اور اب کتابی صورت میں چھپا ہے جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس میں قرآن مجید کی مختلف تعلیمات کو پیش کرکے یہ بتایا گیا ہے کہ اگر ایک انسان ان کا یقین پیدا کرلے اور اُن پر عمل پیرا بھی ہو تو وہ دنیا کے ہر خوف سے محفوظ اور مامون ہو سکتا ہے مقالہ دلچسپ اور لائق مطالعہ ہے لیکن قرآن نے زندگی اور ایمان کا جو تصور پیش کیا ہے اگر فاضل مولف اس کو بھی پیشِ نظر رکھتے تو مقالہ زیادہ جامع اور دلائل کے اعتبار سے زیادہ قطعی ہو سکتا تھا۔